Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

# پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

20نومبر 2023

## پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کا چیئرمین عمران خان کیخلاف مقدمات پر عدالتی کارروائیوں کا مفصل جائزہ

- غیر جمہوری، غیر آئینی اور غیر سیاسی ریاستی عناصر کی جانب سے چیئرمین عمران خان کو امتیازی انصاف اور متنازعہ عدالتی کارروائی سے نشانۂ انتقام بنائے جانے کیخلاف جامع حکمت عملی تیار کی گئی
- عوام میں عمران خان کی فقید المثال قبولیت اور مقبولیت سے پیدا ہونے والی مایوسی، ہیجان اور خفّت مٹانے کیلئے نظامِ انصاف کا قتل جاری ہے۔
- جھوٹے مقدموں کے بعد متنازعہ ٹرائلز، متعصّب ججوں کے غیر قانونی اور محفوظ فیصلے انصاف کے قتل کے کلیدی آلات کے طور پر سامنے آئے ہیں۔
- آئین و قانون سے سنگین انحراف، منصفانہ سماعت اور انصاف تک رسائی کے بنیادی حقوق کی بہیمانہ پامالیوں پر عدالتِ عظمیٰ کی چشم پوشی انصاف کے قاتلوں کی حوصلہ افزائی کا سامان کر رہی ہے۔
- عمران خان کو جبری سزا سنانے کیلئے ٹرائلز کو برق رفتاری سے چلانے اور انہیں انصاف سے محروم کرنے کیلئے محفوظ فیصلوں کے انبار لگانے کی قابلِ مذمت کوششوں کا بھرپور مقابلہ کریں گے۔

## کور کمیٹی کی جانب سے کم و بیش 2 ہفتوں کی جبری گمشدگی کے بعد مرکزی ایڈیشنل سیکرٹری جنرل علی نواز اعوان کی کنگز پارٹی کے ڈرائنگ روم سے برآمدگی شرمناک قرار

- ملک میں اغواء برائے بیان اور جبری گمشدگیوں کے معاملے پر بھی عدلیہ خصوصاً عدالتِ عظمیٰ کا کردار مایوس کن ہے۔
- جمہوریت اور سیاسی عمل کے وحشیانہ قتل میں عدلیہ کی خاموش معاونت تحریک انصاف کی بجائے دستور کے تاروپود بکھیرنے کا سبب بن رہی ہے۔
- اغواء برائے بیان کا مکروہ دھندہ چلانے اور سیاست و جمہوریت کی حرمت پامال کرنے والے ریاستی کارندے پاکستان کو زوال اور انحطاط کی جانب دھکیل رہے ہیں۔
- ملک کی مقبول ترین سیاسی جماعت کیخلاف ریاستی پاگل پن بنیادی حقوق اور حقِ نمائندگی کی توہین کے ذریعے عوام کو شدید ردّ عمل پر اکسا رہا ہے۔
- جمہور کی منشا کو روندنے اور ریاستی اصطبل میں پالے جانے والے ٹٹّوؤں سے اقتدار کے ایوان آباد کرنے کے مذموم منصوبے اسی طرح ناکام ہوں گے جیسے پچھلے 18 ماہ سے ناکام ہیں۔

## کور کمیٹی کے اجلاس میں عام انتخابات کو اعلان کردہ تاریخ سے پرے دھکیلنے کی منظّم کوششوں کا بھی جائزہ

- مختلف حلقوں کی جانب سے انتخابات کے التوا کی سوچی مہم کے اغراض و اہداف سے بخوبی واقف ہیں۔
- انتخابات کے آزادانہ، منصفانہ اور شفاف انعقاد میں مزید ایک روز کی تاخیر بھی برداشت نہیں کریں گے۔
- عدالتِ عظمیٰ 8 فروری 2024 کو انتخابات کے انعقاد کے حوالے سے "پتھر پر لکیر" قرار دے چکی ہے، التوا کی خفیہ و اعلانیہ کوششوں کا نوٹس لے۔

- سپریم کورٹ قبل از انتخابات دھاندلی کے رواں سلسلے کا نوٹس لے اور 8 فروری 2024 کو دستور میں طے کئے گئے معیار کے مطابق انتخابات کا انعقاد یقینی بنائے۔

**کور کمیٹی کی جانب سے عدالتی اجازت کے باوجود مختلف کارکنان اور ذمہ داران کو چیئرمین عمران خان سے ملاقات کی اجازت نہ دیے جانے کی شدید مذمت**

- جیل انتظامیہ کے خلاف توہینِ عدالت کی کارروائی کے آغاز کی منظوری

**چیئرمین عمران خان کی باضابطہ منظوری سے 6 نئے اراکین کور کمیٹی میں شامل**

- اجلاس میں کور کمیٹی کا حصہ بننے والے نئے اراکین کا خیر مقدم کیا گیا

**کور کمیٹی نے مرکزی سیکرٹری جنرل عمر ایوب خان کے مرحوم والدِ گرامی کے بلندئ درجات کیلئے دعا اور فاتحہ خوانی کی اور سیکرٹری جنرل عمر ایوب خان سے تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا**

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ